نام : لیبر پارٹی پاکستان: آئین
قیمت : 10روپے
بارششم : جون 2004ء
بارہفتم : ستمبر 2005ء
طابع : شناخت پریس

تقسیم کار وپبلشرز

**لیبر پارٹی پاکستان**
مرکزی سیکرٹریٹ: 40ایبٹ روڈ، لاہور فون: 042-6315162
ای میل: labourparty@gmx.net
ویب سائیٹ: www.laborpakistan.org
ویب سائیٹ: ہفت روزہ "جدوجہد" www.jeddojuhd.com

# فہرست


| | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ☆ | لیبر پارٹی! مختصر تعارف | 4 |
| ☆ | نام پرچم | 7 |
| ☆ | بنیادی اصول | 8 |
| ☆ | آئین ......لیبر پارٹی پاکستان (مقاصد و اصول) | 9 |
| ☆ | تنظیمی ڈھانچے کے اصول | 10 |
| ☆ | خصوصی کانفرنس | 11 |
| ☆ | نیشنل کمیٹی | 12 |
| ☆ | نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی | 13 |
| ☆ | صوبائی کانفرنس | 13 |
| ☆ | صوبائی کمیٹی | 14 |
| ☆ | یونٹ کا ڈھانچہ | 14 |
| ☆ | ممبر شپ | 15 |
| ☆ | اپیل کمیشن | 16 |
| ☆ | جمہوری حقوق اور ڈسپلن | 17 |
| ☆ | پارٹی ڈھانچہ | 19 |

# لیبر پارٹی! مختصر تعارف

قیام پاکستان کے اٹھاون سال پورے ہونے پر صورتحال یہ ہے کہ غریب اور امیر کے درمیان فرق، اب فرق نہیں، بلکہ وسیع خلیج بن چکا ہے۔ اکثریت روٹی، کپڑا، مکان، تعلیم، روزگار اور صحت کی بنیادی ضرورتوں سے محروم ہے۔ اس سرمایہ دارانہ، جاگیردارانہ سماج میں کروڑوں لوگ جانوروں سے بھی بدتر زندگی گزار رہے ہیں۔ جبکہ اس کے ساتھ ساتھ امن و امان کی صورتحال، دہشت گردی اور فرقہ واریت بڑھ رہی ہے جس کے ہاتھوں آج کوئی غریب محفوظ نہیں۔

اس مایوس کن صورتحال میں عوام کا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ آج ایک بھی ایسی پارٹی نہیں جو عوام کے حقوق کی جرأت مندانہ جدوجہد کر رہی ہو۔ عوام جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کے مفادات کا تحفظ کرنے والی تمام پارٹیوں سے تنگ آ چکے ہیں، جن کی سیاست صرف انتخابات اور لوٹ مار تک محدود ہے۔ سیاست میں اس وقت ایک زبردست خلاء موجود ہے اور اس خلا کو محنت کشوں کی سیاست کرنے والوں نے پورا نہ کیا تو ایک مرتبہ پھر سرمایہ دار و جاگیردار کسی نئے بہروپ میں آ کر اس خلاء کو عارضی طور پر پورا کر کے عوام کو مزید اندھیروں میں دھکیل دیں گے۔ آج ضرورت ہے کہ ایک ایسی پارٹی کی تعمیر ہو جو نہ صرف اس سرمایہ دارانہ، جاگیردارانہ نظام کو تبدیل کرے، بلکہ محنت کشوں، ٹریڈ یونینوں اور عوام کی روزمرہ جدوجہد میں بھی ان کے ساتھ شامل ہو اور ان کی جدوجہد کو منظم کرنے میں مدد کرے۔

1997ء میں لیبر پارٹی کا قیام دراصل ان معروضی حالات کا ایک شعوری، تاریخی و سیاسی اظہار تھا۔ لیبر پارٹی کا قیام کوئی اچانک واقعہ نہیں بلکہ 1997ء سے قبل اس 17 سالہ سفر کا ایک اگلا قدم ہے جو پاکستان میں ایک حقیقی سوشلسٹ پارٹی اور پھر ایک سوشلسٹ سماج

کے لئے جاری ہے۔ لیبر پارٹی کے قیام میں مرکزی کردار 1980ء میں ہالینڈ سے شروع ہونے والے رسالہ "جدوجہد" کے حامیوں نے کیا۔ یہ رسالہ ضیاء آمریت کے دور میں اور بعدازاں پاکستان میں محنت کش تحریک اور پاکستانی سیاست میں محنت کشوں اور سوشلزم کی سب سے بلند آواز بنا رہا ہے۔ 1994ء میں "جدوجہد گروپ" کی سالانہ کانفرنس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ محنت کشوں کی اپنی ایک پارٹی بنانے کا عمل شروع کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے 1995ء میں "جدوجہد انقلابی تحریک" (جیت) کا باضابطہ قیام عمل میں لایا گیا۔ "جدوجہد انقلابی تحریک" 94 سے 97 تک کے عرصہ میں بائیں بازو کی تیزی سے ترقی کرتی ہوئی ایک تنظیم کے طور پر سامنے آئی۔ 1997ء میں ہونے والی "جیت" کانفرنس میں نئی انقلابی پارٹی "لیبر پارٹی پاکستان" کے نام سے بنانے کا اصولی فیصلہ کرلیا گیا۔

لیبر پارٹی کی قیادت کا انتخاب جمہوری انداز میں ہوتا ہے۔ لیبر پارٹی ایک حقیقی سوشلسٹ سماج کے لیے کام کرے گی۔ لیبر پارٹی اس قسم کے سوشلزم کی حامی نہیں جیسا سابق سوویت یونین میں موجود تھا یا موجودہ چین میں ہے۔ بلکہ لیبر پارٹی تمام بڑے ذرائع پیداوار کو قومی ملکیت میں لے کر مزدوروں کے جمہوری کنٹرول کے ذریعے چلانا چاہتی ہے۔

لیبر پارٹی یہ بھی سمجھتی ہے کہ جس طرح سرمایہ گلوبلائز ہو چکا ہے، اسی طرح محنت کشوں کو بھی حقیقی فتح کے لئے اپنی جدوجہد کو گلوبلائز کرنا ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ لیبر پارٹی نہ صرف پاکستانی انقلاب بلکہ عالمی انقلاب پر بھی یقین رکھتی ہے۔

آیئے! سرمایہ دارانہ لوٹ کھسوٹ، استحصال، جبر اور ظلم کے خلاف جدوجہد میں لیبر پارٹی کا حصہ بنیں اور ایک جمہوری سوشلسٹ پاکستان کے قیام کے لیے عوامی سطح کی ایک بڑی پارٹی بنانے کے عمل کو تیز کریں۔

آیئے غربت، جہالت اور دکھوں کے اس اندھے سماج کو بدل کر ایک خوشحال معاشرے کو سوشلسٹ انداز میں منظم کریں۔

**لیبر پارٹی پاکستان کا یہ آئین کچھ ترامیم کے ساتھ دسمبر 2004ء میں منعقد ہونے والی لیبر پارٹی پاکستان کی قومی کانفرنس میں منظور کیا گیا۔ اس کا پہلا مسودہ 1997ء میں لکھا گیا تھا۔**

سوشلسٹ انقلاب زندہ باد

مزدور کسان زندہ باد

دستاویز نمبر 1

## نام

پارٹی کا نام "لیبر پارٹی پاکستان" ہوگا۔

### ہمارے بنیادی نعرے

- محنت کش طبقہ کی قیادت میں مزدور کسان راج، سوشلسٹ سماج
- تعلیم ٹرانسپورٹ، روزگار، رہائش اور علاج کی ضمانت
- جدو جہد، یکجہتی، سوشلزم
- قوموں کی حق خودارادیت بشمول حق علیحدگی

دستاویز نمبر 2

## پرچم

- پارٹی کا پرچم سرخ رنگ کا ہوگا۔
- پرچم کے درمیان سنٹرل لائن کے نیچے سے اوپر سفید رنگ کی وکٹری (V) کا نشان ہوگا۔

نوٹ: پرچم کی لمبائی 4.708 میٹر اور چوڑائی 3.22 میٹر ہوگی۔

دستاویز نمبر 5

# بنیادی اصول

## 1۔ مقاصد

پارٹی کا اولین مقصد محنت کش عوام کی معاشی، سیاسی اور سماجی استحصال سے نجات اور سوشلسٹ سماج کی تعمیر ہے۔

## 2۔ راہنما اصول

پارٹی اپنی پالیسی/ترجیحات اور سرگرمیوں کے لیے مندرجہ ذیل راہنما اصول اختیار کرے گی۔

i۔ مزدور جمہوریت (سیاست اور معیشت مزدوروں کے جمہوری کنٹرول کے ذریعے)

ii۔ عالمی مزدور یکجہتی

### وضاحت

محنت کش، محنت کار، کسان، نوجوان، طالب علم اور خواتین سرمایہ دارانہ جاگیردارانہ طبقاتی سماج کی وجہ سے استحصال کا شکار ہیں۔ پارٹی سرمایہ دارانہ جاگیردارانہ سماج کے خاتمے اور سوشلسٹ سماج کی تعمیر کی جدوجہد میں درج بالا راہنما اصول پر نہ صرف کاربند رہے گی بلکہ اس کی پالیسیوں کی ترجیحات اور سرگرمیوں کا مرکز یہ راہنما اصول ہوں گے۔ پارٹی غیر طبقاتی سوشلسٹ سماج کی تعمیر کے لیے مزدور جمہوریت اور عالمی مزدور یکجہتی کے ذریعے سوشلسٹ انقلاب سماج تعمیر کرے گی جو کہ عالمی سوشلسٹ انقلاب سے منسلک اور اس کا معاون ہوگا۔

## (مقاصد و اصول)

### شق نمبر 1

**پارٹ i** "لیبر پارٹی پاکستان" ایک انقلابی مارکسی پارٹی ہے اور اپنا واضح پروگرام رکھتی ہے اور اس کا مقصد محنت کش طبقہ اور ان کے اتحادیوں کو سرمایہ دار طبقہ کی حکمرانی کے خاتمے اور سوشلسٹ سماج کی تشکیل کے لیے منظم کرنا اور رہنمائی کرنا ہے۔ پارٹی کی تمام سرگرمیاں، طریقہ کار اور اندرونی تنظیم اس مقصد کے مطابق ہوتے ہیں۔

**پارٹ ii** "لیبر پارٹی پاکستان" تنظیم سازی کے لیئے اصول جمہوری مرکزیت پر بنیاد رکھتی ہے۔ جمہوری مرکزیت ایک جدلیاتی تصور ہے اور اس تصور کی وضاحت غیر لچکدار انداز میں وقت، مقام اور حالات کو دیکھے بغیر نہیں کی جا سکتی۔ اس کا ایک بنیادی اصول عوامی، سیاسی اور تنظیمی سرگرمیوں میں مجموعی طور پر تمام پارٹی ممبران کی اکثریت کے فیصلوں کا اطلاق ہے۔ "لیبر پارٹی پاکستان" میں تمام ممبران مساوی حقوق اور فرائض رکھتے ہیں۔ ممبران کے لیے پارٹی سے وفاداری لازمی شرط ہے۔ پارٹی سے باہر کوئی ایسے ادارے یا افراد نہیں جو پارٹی کے فیصلے کر سکیں۔

**پارٹ iii** "لیبر پارٹی پاکستان" محنت کش طبقہ کے اتحاد کی جدوجہد کرتی ہے اور ہر قسم کی مذہبی و قومی، لسانی، ذات پات، علاقائی، رنگ اور نسل کے تعصبات کی مکمل مخالف ہے۔ ہم محنت کش طبقہ کے سیاسی، معاشی اور جمہوری حقوق کا دفاع کرتے ہیں۔

**پارٹ iv** "لیبر پارٹی پاکستان" پاکستان میں سوشلزم کا حصول چاہتی ہے۔

**پارٹ v** "لیبر پارٹی پاکستان" مارکسزم کے نظریات پر یقین رکھتی ہے، اس کے لیے عملی جدوجہد کرتی ہے اور ہم تسلیم کرتے ہیں کہ سوشلزم کے لیے جدوجہد ایک عالمی جدوجہد ہے۔ اس لئے ہم دنیا بھر میں محنت کشوں کی تحریکوں سے یکجہتی کا اظہار

کرتے ہیں۔ دنیا کی سطح پر سوشلسٹ انقلاب سے ہی دنیا میں موجود تمام ذرائع کو انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے اور ہر فرد کو اپنی صلاحیت کے مطابق ترقی کے مواقع مل سکتے ہیں۔

# تنظیمی ڈھانچہ کے اصول

## شق نمبر 2

**پارٹ i** "لیبر پارٹی پاکستان کا دائرہ کار پورے پاکستان پر ہے۔

**پارٹ ii** صوبائی باڈیز کا قیام قومی باڈیز کے فروغ کے لیے عمل میں لایا جا سکتا ہے۔ پارٹی کا اعلیٰ ترین ادارہ نیشنل کانفرنس ہے۔

# نیشنل کانفرنس

## شق نمبر 3

**پارٹ i** نیشنل کانفرنس کا انعقاد ہر دو سال میں کم از کم ایک دفعہ ہوگا۔

**پارٹ ii** نیشنل کمیٹی نیشنل کانفرنس کا منعقد کرانے کی ذمہ دار ہوگی۔ نیشنل کانفرنس میں تمام ممبر شپ شریک ہوگی۔ نیشنل کمیٹی مخصوص حالات میں ڈیلیگیٹ کانفرنس بھی منعقد کروا سکتی ہے۔ ڈیلی گیٹ کا تعین یونٹوں میں ممبران کے لحاظ سے ہوگا۔ اس کے تناسب کا فارمولا بھی نیشنل کمیٹی طے کرے گی۔

ممبر شپ کانفرنس یا ڈیلیگیٹ کانفرنس، دونوں صورتوں میں شریک ہونے والے ڈیلی گیٹوں یا ممبران کو ووٹ کا پورا حق ہوگا۔ مبصرین اور وزیٹرز کو صرف مشاورانہ ووٹ کا حق ہوگا۔

**پارٹ iii** نیشنل کمیٹی اور صوبائی کمیٹی کی ڈرافٹ قراردادیں اور سیاسی رپورٹیں نیشنل کانفرنس سے کم از کم چھ ہفتہ قبل ممبر شپ تک پہنچ جانی چاہئیں۔ برانچوں، صوبائی اور نیشنل

کمیٹی کا یہ حق ہے کہ وہ کانفرنس سے پہلے یا کانفرنس کے دوران قراردادیں یا ترمیمات پیش کر سکتی ہیں۔ اس کا تعین سٹینڈنگ آرڈر کمیٹی کرے گی۔ ایمرجنسی قراردادیں بھی کانفرنس کے سامنے پیش کی جا سکتی ہیں۔

پارٹ iv کانفرنس کے چلانے کا انتظام سٹینڈنگ آرڈر کمیٹی (SOC) کرے گی جس کا انتخاب کانفرنس سے پہلے منعقد ہونے والی نیشنل کمیٹی کرے گی۔ (SOC) تین ساتھیوں پر مشتمل ہوگی۔

یہ کمیٹی کانفرنس سے قبل کانفرنس چلانے کی تجویزوں کو کانفرنس کے آغاز میں پیش کرے گی تاکہ ان کو منظور یا ترمیم کیا جا سکے۔

پارٹ v کانفرنس میں تمام فیصلے سادہ اکثریت سے کئے جائیں گے ان میں آئینی ترمیمات بھی شامل ہیں۔

## خصوصی کانفرنس

شق نمبر 4

پارٹ i نیشنل کانفرنس کی اتھارٹی کے ساتھ خصوصی کانفرنس کا انعقاد کیا جا سکتا ہے اور علاقائی کانفرنسوں کا بھی، اس کا فیصلہ نیشنل یا صوبائی کمیٹیاں کریں گی۔

پارٹ ii صوبائی یا قومی خصوصی کانفرنس، صوبائی یا نیشنل کمیٹی کے دو تہائی ووٹوں کی اکثریت سے طلب کی جا سکتی ہے۔ ایسی درخواست مجوزہ تاریخ سے کم از کم تین ماہ قبل پیش کی جانی چاہئے۔

## نیشنل کمیٹی

شق نمبر 5

پارٹ i نیشنل کمیٹی کا انتخاب نیشنل کانفرنس کے موقع پر کیا جائے گا۔

پارٹ ii نیشنل کمیٹی قومی بنیادوں پر تنظیم کے کام کی تعمیر اور دیکھ بھال کی ذمہ دار ہوگی۔ اس کا کردار تنظیم کی مجموعی سیاسی لائن کو تعمیر کرنا بھی ہوگا۔ اس کا اجلاس چار ماہ میں کم از کم ایک دفعہ ضرور ہونا چاہیے۔

پارٹ iii نیشنل کمیٹی کا انتخاب ساتھیوں کی ٹیم پر مشتمل ایک سلیٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ نیشنل کمیٹی کی تعداد کا تعین کانفرنس کرے گی۔

پارٹ iv نیشنل کمیٹی کو کانفرنس تک نئے ممبران کو باڈی میں شامل کرنے کا اختیار ہوگا۔ یہ ممبر مستقل ممبر یا متبادل ممبر کی حیثیت سے شامل کئے جا سکتے ہیں۔ متبادل ممبر کا ووٹ مشاورانہ ہوگا۔

پارٹ v نیشنل کمیٹی کانفرنس کو جواب دہ ہوگی اور اس کو اپنی کارروائیوں کی رپورٹ دے گی۔ نیشنل کمیٹی کا اجلاس نیشنل ایگزیکٹو باڈی بلائے گی۔

پارٹ vi نیشنل کمیٹی کا خصوصی اجلاس نیشنل کمیٹی کے ایک تہائی ساتھیوں کی درخواست پر بلایا جا سکتا ہے۔

پارٹ vii نیشنل کمیٹی کے ارکان اپنے بنیادی یونٹ/علاقہ سے منتخب ہو کر آئیں گے۔

## نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی

شق نمبر 6

**پارٹ i** نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی کا انتخاب نیشنل کمیٹی کرے گی اور اس کی ذمہ داری قومی سطح پر تنظیم کے کام کی تعمیر اور دیکھ بھال روزانہ کی بنیاد پر ہوگی۔ یہ نیشنل کمیٹی کے فیصلہ جات پر عمل درآمد کرانے کی ذمہ دار ہوگی۔

**پارٹ ii** نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی، نیشنل کمیٹی کے سامنے جواب دہ ہوگی اور اس کے ممبران کو نیشنل کمیٹی کسی بھی وقت واپس بلا سکتی ہے۔

**پارٹ iii** نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی نیشنل کمیٹی کے ارکان پر مبنی ہوگی۔

# صوبائی کانفرنس

## شق نمبر 7

**پارٹ i** کسی بھی صوبہ میں دو سال میں کم از کم ایک دفعہ صوبائی کانفرنس منعقد کرائی جائے گی۔ یہ کانفرنس صوبہ میں ''لیبر پارٹی پاکستان'' کا اعلیٰ ترین ادارہ ہوگی۔

**پارٹ ii** صوبائی کانفرنس کا انعقاد صوبائی کمیٹی کرائے گی۔ صوبائی کانفرنس کے ممبرشپ کانفرنس یا ڈیلی گیٹ کانفرنس کا فیصلہ صوبائی کمیٹی کرے گی۔ جس کی منظوری صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی دے گی۔ اس میں دوسرے صوبوں کے ساتھی شریک ہو سکتے ہیں مگر ان کو ووٹ کا حق نہیں ہوگا۔ صرف مشاورتی ووٹ دے سکتے ہیں۔

**پارٹ iii** صوبائی کمیٹی کی ڈرافٹ قراردادیں اور سیاسی رپورٹیں کانفرنس سے کم از کم چھ ہفتہ قبل ممبران کے پاس پہنچنی چاہئیں۔ کانفرنس کے موقع پر اور اسکے دوران یونٹوں کو حق ہے کہ وہ قراردادیں اور ترامیم پیش کر سکتے ہیں۔ ایمرجنسی قراردادیں بھی پیش کی جا سکتی ہیں۔

**پارٹ iv** کانفرنس کے چلانے کی ذمہ داری سٹینڈنگ آرڈرز کمیٹی کے پاس ہوگی جس کے تین ممبران اس کا انتخاب صوبائی کمیٹی کرے گی۔ سٹینڈنگ آرڈرز کمیٹی کانفرنس

کے آغاز میں اس کے طریقہ کار کی وضاحت کرے گی۔

## صوبائی کمیٹی

### شق نمبر 8

**پارٹ i** صوبائی کمیٹی کا انتخاب پہلی صوبائی کانفرنس میں کیا جائے گا۔ یہ کمیٹی کانفرنس سے کانفرنس تک کے کام کی ذمہ دار ہوگی۔

**پارٹ ii** صوبائی کمیٹی کی یہ ذمہ داری ہوگی کہ علاقہ میں پارٹی کی تمام کاروائیوں کا تعین اور دیکھ بھال کمیٹی کے اصولوں کی روشنی میں کرے۔ صوبائی کمیٹی کا اجلاس ایک ماہ میں کم ازکم ایک دفعہ ضرور ہوگا۔

**پارٹ iii** صوبائی کمیٹی میں ہر ڈسٹرکٹ سے منتخب ایک ساتھی ضرور شامل ہوگا۔

## یونٹ کا ڈھانچہ

### شق نمبر 9

i "لیبر پارٹی پاکستان" کا کسی کام کرنے والی جگہ یا علاقہ میں بنیادی یونٹ، یونٹ کہلائے گا جس کے کم ازکم تین ممبران ہونے چاہئیں۔ اگر یونٹ میں زیادہ ممبران (جس کا تعین خود یونٹ کرے گا) ہو جائیں تو اس کو دو یونٹوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ہر یونٹ کو متعلقہ صوبائی کمیٹی تسلیم کرے گی اور صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی اس کی تصدیق کرے گی۔ اس کے بعد اسے "لیبر پارٹی پاکستان" کے یونٹ کا درجہ ملے گا۔

ii ہر یونٹ ہفتہ میں ایک دفعہ ضرور میٹنگ کرے گا۔ (یونٹ کے اپنے انتظامات کے تحت خصوصی حالات میں پندرہ روزہ بھی ہو سکتی ہے) ہر یونٹ کو اپنے عہدیدار چننے چاہیں۔ یونٹوں کا سٹرکچر بھی مرکز کی طرز پر ہوگا۔ ہر یونٹ ذمہ دار ہے کہ

مقامی سطح پر کام کو تعمیر کرے اور قومی سطح کی فیصلوں پر عمل درآمد کرائے۔ یونٹ کی خصوصی میٹنگ یونٹ سیکرٹری صرف اس صورت بلا سکتا ہے جب یونٹ کے کم از کم ایک تہائی حصہ نے ایسے اجلاس کو بلانے کی درخواست کی ہو۔ ایسی میٹنگ اپنے عہدیدار دوبارہ منتخب کر سکتی ہے۔

# ممبر شپ

شق نمبر 10

**پارٹ i** ہر فرد جو "لیبر پارٹی پاکستان" کے مقاصد، اصولوں اور آئین سے متفق ہو اور تنظیمی باڈیز کی ہدایات پر کام میں شریک ہونے پر رضامند ہو، ممبر شپ لے سکتا ہے۔

**پارٹ ii** ممبر شپ کی درخواست یونٹ کو ملنی چاہیے اور اس کی تصدیق متعلقہ ایریا کمیٹی، صوبائی کمیٹی اور ایگزیکٹو کمیٹی کرے گی۔

**پارٹ iii** تمام ممبران کے لیے ضروری ہے کہ وہ "لیبر پارٹی پاکستان" کے نظریات کو فروغ دیں اور نئی ممبر شپ ریکروٹ کرنے کی کوشش کریں۔

**پارٹ iv** تمام ممبران کے لیے یہ لازمی ہے کہ باقاعدگی سے تنظیم کو چندہ ادا کریں۔ قومی کانفرنس کم از کم ماہانہ چندہ کا تعین کرے گی۔ لیکن اصل چندہ کا تعین ممبر اور یونٹ کے فنانس سیکرٹری کے درمیان طے ہو گا جس میں ہر ممبر کے حالات کو مدنظر رکھا جائے گا۔

**پارٹ v** وہ ممبران جنہوں نے تین ماہ تک بغیر کسی وجہ یا اطلاع کے چندہ ادا نہ کیا ہوا ہو۔ اس کو ووٹ کا حق نہ ہو گا۔ وہ کسی کمیٹی یا کانفرنس کے ڈیلی گیٹ کے طور پر منتخب نہ ہو سکتا ہے۔ جن ممبران کا بغیر اطلاع چندہ چھ ماہ تک ادا نہ ہو گا ان کی رکنیت از خود ختم ہو جائے گی۔

**پارٹ vi** پارٹی میں شمولیت کرنے والا ہر فرد پہلے "امیدوار ممبر" کی حیثیت میں ہو گا۔

امیدوار ممبر پارٹی کے قواعد وضوابط کا پابند ہوگا۔ امیدوار ممبر کے پاس

(i) ووٹ کا حق نہیں ہوگا۔

(ii) وہ پارٹی باڈیز کے انتخابات میں حصہ نہیں لے سکے گا۔ کم از کم تین ماہ کے بعد اسے ممبر کی حیثیت دی جا سکتی ہے اور زیادہ سے زیادہ چھ ماہ تک وہ امیدوار ممبر رہ سکتا ہے۔

## اپیل کمیشن

شق نمبر 11

پارٹ i  نیشنل کانفرنس نیشنل کمیٹی کے باہر کے ممبران پر مشتمل ایک اپیل کمیشن منتخب کرے گی۔

پارٹ ii  اپیل کمیشن کی تشکیل نیشنل کمیٹی اور ایگزیکٹو کمیٹی مقرر کرے گی۔

پارٹ iii  اپیل کمیشن کے درج ذیل فنکشن ہوں گے۔

A۔ کسی بھی سنجیدہ شکایت یا خصوصی انکوائری کی تحقیق کرنا جس کے لئے اسے نیشنل کمیٹی یا ایگزیکٹو کمیٹی نے کرنے کو کہا گیا ہو اور تحقیق کے بعد نیشنل کمیٹی یا ایگزیکٹو کمیٹی کو اس تحقیق کے نتائج کے بارے میں مطلع کرنا۔

B۔ ممبرز، یونٹوں اور علاقوں کی ان کے فیصلوں کے بارے میں ان سنجیدہ شکایات کا تحقیق کرنا جو تنظیم کے اعلیٰ اداروں نے کئے ہوں اور نیشنل کمیٹی یا ایگزیکٹو کمیٹی کو اپنی رائے سے آگاہ کرنا تاکہ ان پر فائنل فیصلہ کیا جا سکے۔

## جمہوری حقوق اور ڈسپلن

شق نمبر 12

**پارٹ i** ”لیبر پارٹی پاکستان“ کی تمام حکمت عملی، طریقہ کار اور پالیسیوں کا صرف اس صورت ہی تعین کرنا، جب ان پر تمام ممبر شپ نے انتہائی جمہوری طور پر مکمل بحث کر لی ہو۔

**پارٹ ii** ممبر شپ کی تمام شرائط پوری کرتے ہوئے تمام ممبر شپ کا حق ہے کہ ”لیبر پارٹی پاکستان“ کے اندر اختلافی نقطہ نظر پیش کر سکتے ہیں زبانی اور تحریری طور پر، اس میں تنظیم کا اندرونی بلیٹن بھی شامل ہے۔

**پارٹ iii** تمام لیڈنگ باڈیز منتخب ہوں گی اور وہ اس باڈی کو جواب دہ ہوں گی، جنہوں نے اسے چنا۔ لیڈنگ باڈیز اپنے فیصلوں کی وضاحت کریں گی اور لوئر باڈیز کو حوصلہ دیں گی کہ وہ اپنے خیالات، مسائل اور تجاویز پیش کریں۔

**پارٹ iv** اکثریت کے فیصلے تمام ممبر شپ پر لاگو ہوں گے۔

**پارٹ v** ان فیصلوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف تنظیمی کارروائی ہو سکتی ہے۔ نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی کو یہ اختیار ہو گا کہ ”لیبر پارٹی پاکستان“ کے فیصلوں، آئین کی خلاف ورزی کرنے والوں اور انہیں جن کے اقدامات ”لیبر پارٹی پاکستان“ کے متعین اقدامات کے خلاف ہوں، کو اس کے عہدے سے معطل کر سکتی ہے یا ممبر شپ سے خارج کر سکتی ہے۔

**پارٹ vi** وہ ممبر جس کے خلاف تنظیمی کارروائی ہوئی ہو، کو حق ہے کہ وہ اپیل کمیشن، علاقائی اور قومی کانفرنسوں میں اس فیصلہ کے خلاف اپیل کر سکتا ہے۔ اپیل کے فائنل فیصلہ تک تنظیمی فیصلہ لاگو رہے گا۔

**پارٹ vii** پبلک میں کام کرنے والا ممبر ”لیبر پارٹی پاکستان“ کے ڈسپلن اور جمہوری اقدار کے دائرہ میں کام کرے گا اور اپنی پوزیشنوں سے کوئی مالی فائدہ نہیں اٹھائے گا۔

**پارٹ viii** ”لیبر پارٹی پاکستان“ کی تمام پراپرٹی ایک فاؤنڈیشن کے حوالے ہونی چاہیے جس

کے ٹرسٹیز کو نیشنل کانفرنس منتخب کرے گی اور یہ "لیبر پارٹی پاکستان" کے مکمل اختیار میں ہو۔

پارٹ ix تمام اجلاسوں کی کارروائی لکھی جانی چاہئے اور یہ کارروائی متعلقہ باڈی کے ممبران اور تمام اعلیٰ باڈیز کی پہنچ میں ہونی چاہئے اور متعلقہ باڈی سے تحریری کارروائی کو حذف کرنے کا حق ، ایگزیکٹو کمیٹی اور نیشنل کمیٹی کو ہوگا۔

پارٹ x یونٹ کا سیکرٹری ہر ماہ فنانس کی تحریری رپورٹ دے گا۔ صوبائی کمیٹی صوبائی کانفرنس کو پوری مالی رپورٹ دے گی اور نیشنل کمیٹی کانفرنس کو مکمل مالی رپورٹ پیش کرے گی۔ صوبائی کانفرنس اور نیشنل کانفرنس دو دو آڈیٹرز کا انتخاب کریں گے جو پورے فنانس کا آڈٹ کریں گے۔

پارٹ xi پارٹی کے فل ٹائم ورکروں کا انتخاب مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کرے گی۔ جس کی تصدیق یا تردید نیشنل کمیٹی کر سکتی ہے۔

پارٹ xii پارٹی کے تمام عہدیداران اور فل ٹائم ورکروں کا انتخاب کرنے والی متعلقہ باڈی انہیں فوری طور پر واپس بلانے کا حق رکھتی ہے۔

پارٹ xiii فل ٹائم ورکر جنہیں اپنی ملازمت یا کسی قسم کے حالات سے شکایات اگر ہیں، اپیل کمیشن یا نیشنل کمیٹی کو شکایات کر سکتے ہیں۔ فل ٹائم ورکرز نیشنل ، ایگزیکٹو کمیٹی کی ہدایات کے تحت کام کریں گے اور صوبائی کمیٹیاں اس کے کام کی نگرانی کریں گی ان کی تنخواہوں میں نظر ثانی ہر سال نیشنل ، ایگزیکٹو کمیٹی کر سکتی ہے۔ جس کی منظوری نیشنل کمیٹی سے لینی ہوگی۔

# پارٹی ڈھانچہ

عہدیداران کی ذمہ داریوں کا تعین نیشنل ، ایگزیکٹو کمیٹی کرے گی۔ جو تحریری شکل میں نیشنل کمیٹی کو پیش کی جائیں گی۔ ان کی تصدیق یا تردید یا ترمیم نیشنل کمیٹی کر سکتی ہے۔

پارٹی کے پبلک عہدیداروں کا ڈھانچہ اس طرح ہوگا۔

چیئرپرسن

سینئر وائس چیئرپرسن

وائس چیئرپرسن

جنرل سیکرٹری

جائنٹ سیکرٹری

فنانس سیکرٹری

سیکرٹری انفارمیشن

یہ عہدیدار مرکزی سطح سے یونٹ کی سطح تک ہونے چاہئیں۔

پارٹی کے مرکزی عہدیداروں کا چناؤ نیشنل کمیٹی کرے گی۔ تمام عہدیدار پارٹی کے اکثریتی فیصلوں کو پبلک میں مؤثر انداز میں لے جانے کے ذمہ دار ہوں گے۔